ماڈل درسی کتاب

# اُردو

## ۲

جماعت دوم

قومی نصاب ۲۳-۲۰۲۲ء کے مطابق



National Book Foundation

نیشنل بُک فاؤنڈیشن
بطور
وفاقی ٹیکسٹ بُک بورڈ، اسلام آباد

National Book Foundation

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

ماڈل درسی کتاب

# اُردو

## جماعت دُوَم

قومی نصاب ۲۰۲۲-۲۳ء کے مطابق

National Book Foundation

نیشنل بُک فاؤنڈیشن
وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، حکومتِ پاکستان

©2024ء نیشنل بک فاؤنڈیشن بطور وفاقی ٹیکسٹ بک بورڈ، اسلام آباد
جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یہ کتاب یا اس کا کوئی بھی حصہ کسی بھی شکل میں
نیشنل بک فاؤنڈیشن کی باقاعدہ تحریری اجازت کے بغیر شائع نہیں کیا جا سکتا۔

ماڈل درسی کتاب: **اردو**

برائے جماعت دوم



مصنفین: پروفیسر امجد اقبال۔ ناصر محمود اعوان

**زیرِ نگرانی**

ڈاکٹر مریم چغتائی

ڈائریکٹر

قومی نصاب کونسل سیکرٹریٹ

وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت حکومت پاکستان، اسلام آباد

**اراکین نظرِ ثانی کمیٹی**

ڈاکٹر تجمل حسین شاہ، ماہر نصابیات، اسلام آباد۔ ڈاکٹر فوزیہ اسلم، نمل یونیورسٹی، اسلام آباد۔ ڈاکٹر فردوس کوثر، بحریہ کالج، اسلام آباد

گلناز، وفاقی تعلیمی ادارہ جات، اسلام آباد۔ حمیرا صادق قریشی، وفاقی تعلیمی ادارہ جات (کینٹ / گیریژن)، راولپنڈی

**اراکین قومی نظرِ ثانی کمیٹی**

ڈاکٹر محمد سہیل سرور، پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، حکومت پنجاب، لاہور۔ ڈاکٹر امتیاز احمد، محکمہ تعلیم جنوبی پنجاب، ملتان

زاہدہ بنگش، ڈائریکٹریٹ آف کریکولم، اسسمنٹ اینڈ ریسرچ، حکومت سندھ، جامشورو

محمد زکریا، محکمہ تعلیم، گلگت بلتستان۔ نائب جان آغا، ادارہ نصابیات و توسیعی تعلیم حکومت بلوچستان، کوئٹہ

تاج ولی خان، نظامت نصابیات و تربیت اساتذہ حکومت خیبر پختونخوا، ایبٹ آباد

راجہ ہارون الرشید، محکمہ تعلیم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر، مظفر آباد

**ڈیسک آفیسر**

سہیل بن عزیز، قومی نصاب کونسل سیکرٹریٹ، اسلام آباد

**انتظامیہ:** نیشنل بک فاؤنڈیشن

اشاعت اول۔ طباعت اول: اپریل 2024ء | صفحات: 000 | تعداد: 00000

قیمت: -/000

کوڈ: STU-0000، آئی ایس بی این: 978-969-37-0000-00

طابع: ......................

نیشنل بک فاؤنڈیشن کی دیگر مطبوعات کے بارے میں معلومات کے لیے رابطہ کیجیے

ویب سائٹ: www.nbf.org.pk یا فون: 051-9261125

یا ای میل: books@nbf.org.pk

کسی بھی غلطی کی نشاندہی یا رائے دینے کے لیے درج ذیل ای میل پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

textbooks@ncc.gov.pk

TEST EDITION

National Book Foundation

# پیش لفظ

نیشنل بُک فاؤنڈیشن، فیڈرل سطح پر واحد ادارہ ہے جو معیاری درسی کتب کی اشاعت کرتا ہے اور بہ طور فیڈرل ٹیکسٹ بُک بورڈ بھی اپنے فرائض بہ طریقِ احسن سرانجام دے رہا ہے۔

اُردو کی یہ ماڈل درسی کتاب برائے جماعت دوم کے لیے قومی نصاب ۲۰۲۲ء کے مطابق اعلیٰ تعلیم یافتہ اور تجربہ کار اساتذۂ کرام نے تیار کی ہے۔ ہمارے معزز مصنفین کرام نے حتی الامکان کوشش کی ہے کہ یہ کتاب نصابِ اُردو کے تمام تقاضے پورے کرے اور طلبہ کی ذہنی سطح اور معاشرتی نظام کے عین مطابق ہو۔ اُمیدِ واثق ہے ہماری یہ کوشش طلبہ اور اساتذہ کو پسند آئے گی۔

اُردو کی تدریس میں جدید رجحانات اور حکمت عملیوں کو اس کتاب میں بھی روشناس کرانے کی کوشش کی گئی۔ مشقوں اور سرگرمیوں پر خاص طور سے توجہ دی گئی ہے۔ مصنفین نے تمام اسباق کو تدریسیاتی اصولوں پر وضع کیا ہے۔ یقیناً اس سے تدریس اُردو کی منزل ابتدائی سطح پر بہتر ہو جائے گی۔ ہر سبق سے پہلے کچھ ایسی سرگرمیاں دی گئی ہیں جو بنیادی طور پر اساتذہ کرام کی نگرانی میں انجام پائیں گی مگر مخاطب طلبہ ہیں۔ پڑھنے سے پہلے کی یہ سرگرمیاں طلبہ میں سبق سے دلچسپی پیدا کرنے کے لیے بنائی جاتی ہیں۔ یاد رہے کہ پڑھنے کے بعد مشقی سوالات حاصلاتِ تعلم کی تقویت اور جانچ کے لیے ہیں۔ امتحانی سوالات حاصلاتِ تعلم اور بلوم ٹیکسانومی کے مطابق تیار کیے جانے چاہییں۔

معیار کی رفعت، تدریسیاتی حاصلات، ذہنی رسائی اور اسلوب کی پیروی ہمارا نصب العین ہے۔ اس ضمن میں مصنفین کی کاوشیں لائقِ تحسین ہیں۔ حتی الامکان کوشش کی گئی ہے کہ کتاب غلطیوں سے پاک ہو۔ وزارتِ مذہبی امور کی جانب سے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ گرامی اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے حوالے سے جو نوٹیفکیشن جاری ہوتے رہے ہیں ان پر بھی مکمل طور پر عمل کیا گیا ہے تاہم پھر بھی آپ سے درخواست ہے کہ اگر اس کتاب میں کسی قسم کی لسانی یا علمی نوعیت کی کوئی خامی نظر آئے تو ہمیں اس سے آگاہ فرمائیں تا کہ آمدہ ایڈیشن میں ان کی درستی کی جاسکے۔ اس کے لیے ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہو گا۔ کسی غلطی کی نشان دہی یا اطلاع textbook@nbf.org.pk پر کریں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو! آمین

ڈاکٹر راجہ مظہر حمید

مینجنگ ڈائریکٹر

National Book Foundation

# فہرست

## پہلی سہ ماہی


**سبق ۱ — حمد (نظم) — صفحہ ۱**

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | عام مشکل الفاظ کی پہچان، معانی اور جملے بنا سکیں۔<br>عبارت پڑھ کر تفہیمی سوالات کے جواب دے سکیں۔<br>ٹی وی سے تین سادہ جملے پڑھ کر لکھنا۔<br>ارکان اور الفاظ سازی کر سکیں۔ (کثیر الاستعمال الفاظ) |
| سنیے اور بولیے | الفاظ اور جملوں کو درست تلفظ اور لب و لہجے سے ادا کرنا<br>رموز و اوقاف (ختمہ اور سکتہ) کا درست استعمال |
| زبان سیکھیے | واحد جمع کی پہچان کر سکیں |
| سمجھیے اور لکھیے | منظر کی تصویر / خاکہ دیکھ کر پانچ سے سات جملے لکھیں |
| عمل کیجیے | اللہ کی نعمتوں کی تصویریں اکٹھی کر سکیں |

**سبق ۲ — نعت (نظم) — صفحہ ۹**

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | عام مشکل الفاظ کی پہچان، معانی اور جملے بنا سکیں۔<br>نظم پڑھ کر زبانی جواب دے سکیں، |
| سنیے اور بولیے | روزمرہ کے واقعات پر اپنے خیالات کا اظہار کر سکیں۔<br>چار یا چار سے زائد ارکان والے الفاظ کی درست ادائی۔ |
| زبان سیکھیے | الفاظ کے متضاد لکھ سکیں |
| سمجھیے اور لکھیے | اشارات کی مدد سے کسی موضوع پر پانچ جملے لکھ سکیں |
| عمل کیجیے | نعت زبانی یاد کر کے درست تلفظ اور لب و لہجے سے سنا سکیں اور اپنی پسند کا اظہار کر سکیں۔ |

**سبق ۳ — پیارے رسول حضرت محمد خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم — صفحہ ۱۵**

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | بھاری آوازوں کی پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں<br>ارکان اور الفاظ سازی سیکھ سکیں<br>عبارت کو سمجھ کر پڑھ سکیں اور سوالات کے جواب دے سکیں |
| سنیے اور بولیے | واقعہ سن کر اپنی رائے کا اظہار کر سکیں |
| زبان سیکھیے | اسم ضمیر کا درست استعمال سیکھ اور کر سکیں |
| سمجھیے اور لکھیے | کسی موضوع پر پانچ سے سات جملے لکھ سکیں |
| عمل کیجیے | لائبریری سے کتاب منتخب کر کے جاری کرا سکیں |

**سبق ۴ — بانو کا طوطا — صفحہ ۲۲**

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | صوتیات کی پہچان اور استعمال (چھوٹی اور بڑی آوازوں کی پہچان)<br>عبارت پڑھ کر سوالات کے درست جواب دے سکیں |
| سنیے اور بولیے | الفاظ جملوں کو درست تلفظ اور لب و لہجے سے ادا کر سکیں |
| زبان سیکھیے | حرکات کی علامت (تشدید) کی پہچان اور استعمال<br>استفہامیہ جملے بنا سکیں۔ استفہامیہ کا درست استعمال<br>بے ترتیب جملوں کو ترتیب دے سکیں |
| سمجھیے اور لکھیے | کسی موضوع پر پانچ جملے لکھ سکیں |
| عمل کیجیے | جوڑیوں میں علامت سکتہ کے استعمال کی سرگرمی |


National Book Foundation

| سبق ۵ | سمجھ دار بچہ (سُنانے کا سبق) | صفحہ ۳۰ |
|---|---|---|
| سنیے اور بولیے | کہانی واقعہ سن کر اپنے الفاظ میں بیان کر سکیں | |
| | چار یا زائد ارکان والے الفاظ کی درست ادائی کر سکیں | |

| سبق ۶ | چڑیا اور چوہا | صفحہ ۳۵ |
|---|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | کہانی سمجھ کر پڑھ سکیں، سوالات کے جواب دے سکیں | |
| | حروف کی بدلتی ہوئی اشکال کی پہچان اور استعمال۔ | |
| | لطیفے، پہیلیاں پڑھ کر سمجھ سکیں۔ بصری الفاظ | |
| سنیے اور بولیے | سن کر اپنی رائے کا اظہار کر سکیں | |
| | چار یا زائد ارکان والے الفاظ کی درست ادائی | |
| | روز مرہ امور کے متعلق زبانی اظہار کر سکیں | |
| زبان سیکھیے | واحد کے جمع بنا کر جملوں میں استعمال کر سکیں | |
| سمجھیے اور لکھیے | تصویریں / خاکہ دیکھ کر کہانی لکھ سکیں | |
| عمل کیجیے | کسی کہانی کو ڈرامے کی صورت میں پیش کر سکیں | |

جائزہ۔۱ — صفحہ ۴۳

## دوسری سہ ماہی

| سبق ۷ | تارے (نظم) | صفحہ ۴۴ |
|---|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | مشکل الفاظ کو پہچان، سمجھ کر جملے بنا سکیں | |
| | بصری الفاظ کی پہچان اور استعمال | |
| سنیے اور بولیے | نظم سن کر اپنے لفظوں میں ادا کر سکیں | |
| | نظم سن کر سوالات کے زبانی جواب دے سکیں | |
| زبان سیکھیے | مونث مذکر کی پہچان اور استعمال | |
| | ہم آواز الفاظ کی پہچان | |
| سمجھیے اور لکھیے | منظر کی تصویر دیکھ کر پانچ جملے لکھ سکیں | |
| عمل کیجیے | جوڑیاں بنا کر مخصوص ذخیرہ الفاظ کا املا کرا سکیں | |

| سبق ۸ | قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ | صفحہ ۵۱ |
|---|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | کم از کم ۵۰ الفاظ کی عبارت کو درست طریقے سے پڑھنا | |
| | عبارت پڑھ سکیں اور تفہیمی سوالات کے جواب دے سکیں | |
| سنیے اور بولیے | چار ارکان والے الفاظ کی درست ادائی | |
| | کسی موضوع پر تقریر کر سکیں (پانچ سے چھ جملے) | |
| زبان سیکھیے | حروف ربط۔جار کی پہچان اور استعمال کر سکیں | |
| | استفہامیہ جملے بنا سکیں | |
| سمجھیے اور لکھیے | کسی موضوع پر پانچ سے سات جملے لکھ سکیں | |
| عمل کیجیے | تقریری مقابلے میں حصہ لے سکیں | |

National Book Foundation

سبق ۹ — سیر ایک شہر کی — صفحہ ۵۹

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | کم سے کم ۱۵۰ الفاظ کی عبارت درست طریقے سے پڑھ سکیں |
| سنیے اور بولیے | اپنی جماعت کے معیار کے مطابق مختصر کہانی، واقعہ اور ہدایات سُن کر اپنے الفاظ میں بیان کر سکیں |
| | کہانی/واقعہ سن کر اپنے الفاظ میں بیان کر سکیں |

سبق ۱۰ — حکیم محمد سعید — صفحہ ۶۲

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | سادہ عبارت سمجھ کر پڑھ سکیں |
| | بصری الفاظ کی پہچان اور استعمال |
| | مشکل الفاظ، پہچان، سمجھ اور جملے بنا سکیں |
| سنیے اور بولیے | کسی موضوع پر اظہارِ خیال (۵ سے ۷ جملوں کی تقریر) |
| زبان سیکھیے | جملوں میں اسم اور فعل کی پہچان کر سکیں |
| سمجھیے اور لکھیے | تصویر دیکھ کر ۵ سے ۷ جملے لکھ سکیں |
| عمل کیجیے | وطن سے محبت کے عنوان پر تقریر کر سکیں |

جائزہ - ۲ — صفحہ ۶۹

سبق ۱۱ — آؤ بجلی بچائیں — صفحہ ۷۱

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | کہانی، مکالمے اور ڈرامے کو سمجھ کر پڑھ سکیں |
| عمل کیجیے | زندگی کی مہارتیں سیکھ سکیں (بجلی کو کس طرح بچایا جا سکتا ہے) |
| | فضول خرچی کے متعلق جان سکیں |

سبق ۱۲ — میرا پیارا وطن (نظم) — صفحہ ۷۳

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | نظم کو پڑھ کر تفہیمی سوالات کے جواب دیں سکیں |
| | مصوتوں کی بڑی آوازوں کی پہچان |
| | نظم سن کر اپنی رائے کا زبانی اظہار کر سکیں |
| سنیے اور بولیے | تصویر دیکھ کر پانچ سے چھ جملے بول سکیں |
| | ۵ سے ۷ جملوں پر مشتمل تقریر کر سکیں |
| زبان سیکھیے | بے ترتیب جملوں کو ترتیب دے سکیں |
| سمجھیے اور لکھیے | دو سے تین ارکان والے الفاظ سے گھر کا پتہ لکھ سکیں |

National Book Foundation

| سبق | | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۳ | آؤ مل کے درخت لگائیں | ۷۹ |

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | بھاری آوازوں کی پہچان اور استعمال<br>الفاظ کے ہجوں کی پہچان۔<br>کثیر الاستعمال الفاظ کی پہچان اور استعمال |
| سنیے اور بولیے | روز مرہ کے امور سے متعلق اپنے خیالات، احساسات اور معلومات کا اظہار کر سکیں |
| زبان سیکھیے | چار ارکان والے الفاظ کی درست ادائی کر سکیں<br>سادہ جملے بلحاظ زمانہ تبدیل کر سکیں |
| سمجھیے اور لکھیے | الفاظ کو الف بائی ترتیب سے درج کر سکیں |
| عمل کیجیے | الفاظ کا املا۔ سکول کا پتہ لکھ سکیں |

| سبق | | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۴ | صفائی کا رکھیں خیال | ۸۶ |

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | مکالمے کو سمجھ کر پڑھ سکیں<br>ہدایات کو پڑھ کر سمجھ سکیں |
| سنیے اور بولیے | واقعہ سن کر اپنے الفاظ میں بیان کر سکیں |
| زبان سیکھیے | رموزِ اوقاف (سکتہ، ختمہ، استفہامیہ) کا درست استعمال |
| سمجھیے اور لکھیے | ہدایات اپنے الفاظ میں لکھ سکیں<br>۱ سے ۱۰ درست عددی ترتیب لکھ سکیں |
| عمل کیجیے | کوڑا دان بنا سکیں<br>صفائی کے مختلف کام کر سکیں |

| سبق | | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۵ | ساری دنیا اپنا گھر (نظم) | ۹۴ |

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | نظم کو پڑھ سکیں اور تفہیمی سوالات کے درست جواب دے سکیں<br>مکالمے کو سمجھ کر پڑھ سکیں |
| سنیے اور بولیے | کہانی سن کر اپنے الفاظ میں بیان کر سکیں |
| زبان سیکھیے | سادہ جملے بلحاظ زمانہ تبدیل کر سکیں |
| سمجھیے اور لکھیے | ۱۱ سے ۲۰ لفظی اور ہندسی گنتی لکھ سکیں |
| عمل کیجیے | جھنڈوں کی تصویریں اکٹھی کر سکیں |

| سبق | | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۶ | علامہ محمد اقبالؒ | ۱۰۳ |

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | مکالمے کو سمجھ کر پڑھ سکیں<br>کم از کم ۱۵۰ الفاظ کی عبارت درست طریقے سے پڑھ سکیں<br>عبارت پڑھ کر تفہیمی سوالات کے زبانی جواب دے سکیں |

| | صفحہ |
|---|---|
| جائزہ - ۳ | ۱۰۱ |


## تیسری سہ ماہی


| سبق | | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۷ | کھیلیں، چھپن چھپائی | ۱۰۵ |

| | |
|---|---|
| پڑھیے اور سمجھیے | متن کو پڑھ سکیں اور تفہیمی سوالات کے درست جواب دے سکیں |
| سنیے اور بولیے | کہانی سن کر اپنی رائے کا زبانی اظہار کر سکیں |
| زبان سیکھیے | مصوتوں کی چھوٹی بڑی آوازوں کے فرق کو پہچان سکیں<br>مثبت اور منفی جملے بنا سکیں |
| سمجھیے اور لکھیے | ۱ سے ۱۰ تک لفظی اور ہندسی گنتی لکھ سکیں (اُردو) |
| عمل کیجیے | مقامی کھیل کھیل سکیں |


National Book Foundation

## سبق ۱۸ — دوستی ہو تو ایسی — صفحہ ۱۱۲

- **پڑھیے اور سمجھیے:** عبارت سمجھ کر پڑھ سکیں اور سوالات کے جواب دے سکیں
- **سنیے اور بولیے:** روزمرہ کے امور سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کر سکیں
- **زبان سیکھیے:** متضاد الفاظ کی پہچان کر سکیں
- **سمجھیے اور لکھیے:** ۱ سے ۱۰۰ تک درست عددی ترتیب لکھ سکیں
  - کسی عنوان پر ۵ سے ۷ سادہ جملے لکھ سکیں
- **عمل کیجیے:** دوستی کارڈ بنا سکیں

## سبق ۱۹ — صبح کی سیر (نظم) — صفحہ ۱۱۹

- **پڑھیے اور سمجھیے:** نظم پڑھ سکیں اور سوالات کے جواب دے سکیں
- **سنیے اور بولیے:** مختصر نظم کو درست تلفظ اور لب و لہجے سے ادا کر سکیں
  - ۵ سے ۷ جملے بول سکیں (تقریر)
- **زبان سیکھیے:** منفی جملے بنا سکیں
  - الف بائی ترتیب سے الفاظ درج کر سکیں
- **سمجھیے اور لکھیے:** ۱ سے ۱۰۰ تک عددی ترتیب لکھ سکیں
- **عمل کیجیے:** جملے سن کر ان پر عمل کر سکیں

## سبق ۲۰ — ایک سواری بڑی پیاری — صفحہ ۱۲۶

- **پڑھیے اور سمجھیے:** سادہ عبارت سمجھ کر پڑھ سکیں
  - سادہ پیغامات، ہدایات پڑھ اور سمجھ سکیں
- **سنیے اور بولیے:** گفتگو کے آداب کا عملی مظاہرہ کر سکیں
- **زبان سیکھیے:** امالہ کا فہم رکھ کر اسے استعمال کر سکیں
- **سمجھیے اور لکھیے:** ہدایات لکھ سکیں
- **عمل کیجیے:** گروہی گفتگو میں گفتگو کے آداب کا عملی مظاہرہ کر سکیں

## سبق ۲۱ — چلو میلا دیکھیں — صفحہ ۱۳۴

- **پڑھیے اور سمجھیے:** کم از کم ۱۵۰ الفاظ پر مبنی عبارت کو درست طریقے سے پڑھ سکیں
  - کہانی / عبارت کو پڑھ کر سوالات کے درست جواب دے سکیں
  - موبائل فون یا کمپیوٹر پر سادہ جملے پڑھ سکیں

## سبق ۲۲ — ٹوٹ بٹوٹ کی موٹر کار (نظم) — صفحہ ۱۳۶

- **پڑھیے اور سمجھیے:** پہیلیوں کو پڑھ کر ان میں پوشیدہ دانش کو سمجھ سکیں
- **سنیے اور بولیے:** گفتگو کے آداب کا مظاہرہ کر سکیں
- **زبان سیکھیے:** ہم آواز الفاظ بنا سکیں
  - واحد جمع کی پہچان اور استعمال کر سکیں
- **سمجھیے اور لکھیے:** تصویر دیکھ کر ۵ جملے لکھ سکیں
- **عمل کیجیے:** ٹریفک کے اشاروں کی پابندی سیکھ سکیں

## سبق ۲۳ — حوالدار لالک جان شہید — صفحہ

- **پڑھیے اور سمجھیے:** سادہ عبارت سمجھ کر پڑھ سکیں
  - مشکل الفاظ کی پہچان، معانی کی سمجھ اور جملے بنانا
- **سنیے اور بولیے:** وطن سے محبت کے عنوان پر تقریر کر سکیں
  - کسی موضوع پر اظہارِ خیال (۵ سے ۷ جملوں کی تقریر)
- **زبان سیکھیے:** جملوں میں اسم اور فعل کی پہچان کر سکیں
  - الفاظ کے متضاد لکھ سکیں
- **سمجھیے اور لکھیے:** تصویر دیکھ کر ۵ سے ۷ جملے لکھ سکیں

## جائزہ - ۴ — صفحہ ۱۴۳

National Book Foundation

سبق
۱

# حمد

## حاصلاتِ تعلم

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اپنی جماعت کے معیار کے مطابق عام استعمال میں شامل الفاظ کو پہچان، سمجھ سکیں اور جملوں میں استعمال کر سکیں۔
- ہم آواز الفاظ کی پہچان کر کے بنا سکیں۔
- عبارت پڑھ کر تفہیمی سوالات کے جواب دیں سکیں۔
- چار ارکان کی الفاظ سازی کر سکیں۔ (دو رکنی، سہ رکنی، مصوتوں، مصمتوں کی مدد سے)
- رموز و اوقاف (ختمہ اور سکتہ) کا استعمال سیکھ اور کر سکیں۔
- واحد کے جمع کی پہچان کر سکیں۔
- دو ارکان کے الفاظ بول یا پڑھ سکیں۔ (کثیر الاستعمال)
- ٹی وی، موبائل وغیرہ سے تین سادہ جملے پڑھ سکیں۔
- منظر کی تصویر / خاکہ دیکھ کر پانچ سے سات جملے لکھ سکیں۔
- سوالوں کے جواب دے سکیں۔
- الفاظ اور جملوں کو درست تلفظ اور لب و لہجہ سے ادا کر سکیں۔

## سوچیے اور بتایئے

- ہمیں کس نے پیدا کیا ہے؟
- اللہ تعالیٰ نے ہمیں کون کون سی نعمتیں دی ہیں؟

## کیا آپ جانتے ہیں؟

- اللہ تعالیٰ ہمارا خالق ہے، خالق کا مطلب ہے: "پیدا کرنے والا۔"

برائے اساتذہ کرام

تدریسی مقاصد کو موثر بنانے کے لیے "حاصلاتِ تعلم" دیے جا رہے ہیں۔ جو اساتذہ کے لیے معاون ثابت ہوں گے۔ سبق کا متن پڑھانے سے قبل "سوچیں اور بتائیں" کے سوالات بچوں سے پوچھیں تا کہ وہ پڑھنے کے لیے ذہنی طور پر تیار ہو سکیں۔ "ٹھہریں اور بتائیں" کے سوالات متن پڑھانے کے دوران میں بچوں سے پوچھیں۔ "کیا آپ جانتے ہیں؟" میں دی گئی اضافی معلومات بچوں کو موقع محل کے مطابق دی جائیں۔ مجوزہ تدریسی دورانیہ ۴ سے ۸ دِن

نوٹ

- اسلام کے علاوہ دیگر مذاہب کے طلبہ کو اسلامی مواد پڑھنے پر مجبور نہ کیا جائے۔
- امتحانی سوالات میں اسلامی موضوعات پر سوال دینے کی صورت میں دیگر مذاہب کے طلبہ کے لیے متبادل سوال دیا جائے۔

National Book Foundation

# حَمد

## تلفُّظ سیکھیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| رَحمت | عَجَب | ہِمّت | عِزّت | عِلم | دَولت |

اللہ تُو ہے رَحمت والا نام ہے تیرا بَرکت والا
دیتی ہے ہر چیز گواہی پاک ہے تیری ذات اِلٰہی
تُو ہی مالِک تُو ہی رَبّ ہے مَولا! تیری شان عَجَب ہے
چاند اور سُورَج، پھُول اور تارے تُو نے بنائے کتنے پیارے
ہم کو سِیدھی راہ دِکھانا نیکی کے رستے پہ چلانا
ہِمّت دینا، عِزّت دینا عِلم کی یارَبّ دَولت دینا

(ساقی جاوید)

National Book Foundation

### ٹھہریے اور بتایئے

- ہر چیز کس بات کی گواہی دیتی ہے؟
- ہماری بگڑی ہوئی بات کون بناتا ہے؟

### ہم نے سیکھا

- اللہ تعالیٰ کا نام برکت والا ہے۔
- ہم اللہ تعالیٰ سے اپنے لیے دعا مانگتے ہیں۔
- دنیا کی ہر شے اللہ تعالیٰ نے بنائی ہے۔

برائے اساتذہ کرام: نظم تلفظ، لے اور آہنگ سے پڑھائیں۔ بچوں کو الفاظ کے درست تلفظ اور مفہوم سے آگاہ کریں۔ بچوں کو اشعار کا مفہوم آسان الفاظ میں سمجھائیں کہ جس نظم میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی جائے اسے "حمد" کہتے ہیں۔ تمام بچوں کو نظم خوانی کا برابر موقع دیا جائے۔

# مشق

## پڑھیے اور سمجھیے

۱۔ دیے ہوئے مشکل الفاظ کے معانی سمجھیں اور ان کے زبانی جملے بنایئے۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| برکت | نعمت کی زیادتی | مَولا | مالک |
| شان | مرتبہ | عَجَب | عجیب، انوکھا |
| گواہی | ثبوت | | |

## سنیے اور بولیے

۲۔ دی ہوئی تصویر کو غور سے دیکھیں اور نیچے پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ (زبانی)



برائے اساتذہ کرام

پڑھیے اور سمجھیے، دینے کا مقصد بچوں کو نئے الفاظ کے مفہوم سے آگاہ کرنا اور ان کے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کرنا ہے تاکہ وہ روزمرہ کی گفتگو میں ان کا بہتر استعمال کر سکیں۔ اس کے تحت الفاظ کا درست تلفظ اور مفہوم بچوں کو بتائیں۔ معانی اخذ کرانے کے لیے الفاظ کو جملوں میں استعمال کرائیں۔......
ان کا مقصد سبق سے متعلق بچوں کی تفہیم کا جائزہ لینا ہے۔ سوال نمبر ۲ کی سرگرمی سے پہلے بچوں سے حمد سنیں، پھر سوال نمبر ۲ کی سرگرمی کروائیں۔

Book Foundation

مکان کے سامنے کیا کچھ نظر آرہا ہے؟

درختوں کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟

اس تصویر میں آپ کو کیا پسند ہے اور کیا نہیں؟ وجہ بتائیں۔

۳۔ دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیجیے۔

(الف) کس کی ذات کو رحمت والا کہا گیا ہے؟

---

(ب) اس نظم میں اللہ تعالیٰ کے کون کون سے نام آئے ہیں؟

---

(ج) بتائیں اس نظم کو حمد کیوں کہا گیا ہے؟

---

## زبان سیکھیے

۴۔ دیے ہوئے جملے غور سے پڑھیں، ان میں ختمہ (۔) اور سکتہ (،) کو نمایاں کیا گیا ہے۔

- میں نے آم، انار، سیب اور انگور کھائے۔
- ہاتھ، پاؤں، کان اور آنکھیں اللہ تعالیٰ کی نعمتیں ہیں۔

۵۔ دیے ہوئے جملوں میں ختمہ اور سکتہ کا نشان لگا کر جملے دوبارہ لکھیں۔

| | |
|---|---|
| کتاب کاپی اور پنسل بستے میں رکھ دیں | ---------- |
| ہوا پانی سورج چاند اور تارے اللہ تعالیٰ نے بنائے | ---------- |
| نیلے پیلے اور سبز رنگ کی پنسلیں لاؤ | ---------- |

برائے اساتذہ کرام

سنیے اور بولیے، میں دی ہوئی تصویر پر غور کرنے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے زبانی جوابات دینے کا موقع دیں۔ خیال رکھیں کہ ہر بچے کو بولنے کا موقع ملے۔

National Book Foundation

۶۔ مثال کے مطابق لکیر کے ذریعے سے واحد الفاظ کو ان کی جمع سے ملایئے۔

| جمع | واحد |
|---|---|
| انڈے | پرندہ |
| مرغے | دروازہ |
| دروازے | طوطا |
| طوطے | مرغا |
| پرندے | انڈا |

۷۔ ہم قافیہ الفاظ

ایسے الفاظ جن کی آواز اور وزن ایک دوسرے سے ملتا جلتا ہو ہم قافیہ الفاظ کہلاتے ہیں۔ جیسے: آنا، جانا

اللہ تو ہے رحمت والا نام ہے تیرا برکت والا



اس شعر میں ”رحمت اور برکت“ ہم قافیہ الفاظ ہیں۔

۸۔ کالم الف کے الفاظ کو کالم ب کے ہم قافیہ الفاظ سے ملائیں۔



| کالم ب | کالم الف |
|---|---|
| عزت | دکھانا |
| پیارے | رب |
| عجب | تارے |
| الٰہی | ہمت |
| چلانا | گواہی |

National Book Foundation

۹۔ مثال کے مطابق معمے میں سے الفاظ ڈھونڈ کر ان کے گرد دائرہ لگائیں اور نیچے لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پھ | و | ل | ک | م | ا |
| ج | آ | م | ن | و | کھ |
| آ | ڑ | و | س | ل | ف |
| گ | ا | ج | ر | ی | پ |

مثال: ۱۔ پھول ۲۔ .................... ۳۔ ....................

۴۔ .................... ۵۔ ....................

برائے اساتذہ کرام

زبان سیکھیے، میں سوال نمبر ۶ کے تحت بچوں کو ختمہ اور سکتہ کا تصور دیں۔ انھیں بتائیں کہ جب کوئی جملہ مکمل ہو جائے تو اس کے آخر میں ختمہ (۔) کا نشان لگاتے ہیں۔ اس طرح بچوں کو سکتہ (،) کا تصور دیتے ہوئے بتائیں کہ یہ علامت ایک چھوٹے سے وقفے کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔ جہاں یہ علامت استعمال ہوتی ہے وہاں تھوڑا سا ٹھہر کر آگے بڑھتے ہیں۔ تختۂ تحریر پر مختلف جملے لکھیں اور ختمہ اور سکتہ کی علامت لگا کر واضح کریں۔ سوال نمبر ۷ کے تحت بچوں کو س بچوں کو فلیش کارڈ پر "پرندہ، پرندے"، "انڈہ انڈے" کا تصور دیں۔

National Book Foundation

۸۔ دیے ہوئے ارکان ایک منٹ میں پڑھیں۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| با | پا | تا | ٹا | جا | چا | دا | را | سا | شا |
| صا | طا | عا | فا | کا | گا | لا | ما | نا | وا |
| ہا | بو | پو | تو | ٹو | جو | چو | خو | دو | رو |
| سو | شو | طو | عو | غو | فو | لو | مو | نو | ہو |
| بے | پے | تے | ٹے | جے | خے | دے | ڈے | رے | سے |
| لے | نے | ہے | بی | پی | تی | ٹی | جی | چی | دی |
| ڈی | سی | فی | قی | کی | گی | لی | می | نی | ہی |

## سمجھیے اور لکھیے

۹۔ ٹی۔ وی سے کوئی سے تین جملے پڑھیں اور دی ہوئی جگہ پر لکھیں۔




برائے اساتذہ کرام: سوال نمبر ۸ میں کثیر الاستعمال ارکان دیے گئے ہیں بچوں کو یہ ارکان ایک منٹ میں پڑھنے چاہئیں۔
بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ گھر میں ٹی۔ وی سے کوئی سے تین جملے پڑھیں اور انھیں دی ہوئی جگہ پر لکھیں۔



National Book Foundation

۱۰۔ دی ہوئی تصویر کے بارے میں پانچ جملے لکھیں۔



۱: ______________________________

۲: ______________________________

۳: ______________________________

۴: ______________________________

۵: ______________________________

## عمل کیجیے

۱۰۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی تصویریں اکٹھی کریں اور اپنی پسند کی پانچ تصویریں اپنی کاپی میں چسپاں کریں۔

سبق ۲

# نعت

## حاصلاتِ تعلّم

**اس سبق کی تکمیل کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:**

- عام مشکل الفاظ کی پہچان کر کے اُن کے معانی سمجھ سکیں اور جملے بنا سکیں۔
- چار یا زائد ارکان والے الفاظ کی درست ادائی کر سکیں۔
- روز مرہ زندگی کے واقعات کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کر سکیں۔
- الفاظ کے متضاد لکھ سکیں۔
- نظم پڑھ کر زبانی جواب دیں سکیں۔
- دیے گئے اشارات کی مدد سے کسی موضوع پر پانچ جملے لکھ سکیں۔
- متن یعنی شاعری کو درست تلفظ اور لب و لہجے سے ادا کر سکیں۔
- اور اپنی پسند کا اظہار بھی کر سکیں۔

## سوچیے اور بتائیے

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ ہمارے لیے کون سا دین لائے؟
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ پر کون سی کتاب نازل ہوئی؟

## کیا آپ جانتے ہیں؟

- اللہ کے آخری نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کو رحمۃ للعالمین کہتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے دونوں جہانوں کے لیے رحمت۔

National Book Foundation

برائے اساتذہ کرام

تدریسی مقاصد کو موثر بنانے کے لیے "حاصلاتِ تعلّم" دیے جا رہے ہیں۔ جو اساتذہ کے لیے معاون ثابت ہوں گے۔ سبق کا متن پڑھانے سے قبل بچوں سے "سوچیں اور بتائیں" کے سوالات پوچھیں تا کہ وہ پڑھنے کے لیے ذہنی طور پر تیار ہو سکیں۔ "ٹھہریں اور بتائیں" کے سوالات متن پڑھانے کے دوران میں بچوں سے پوچھیں۔ "کیا آپ جانتے ہیں؟" میں دی گئی مزید معلومات بچوں کو موقع محل کے مطابق دی جائیں۔ مجوزہ تدریسی دورانیہ ۴ سے ۸ دِن

نوٹ

- اسلام کے علاوہ دیگر مذاہب کے طلبہ کو اسلامی مواد پڑھنے پر مجبور نہ کیا جائے۔
- امتحانی سوالات میں اسلامی موضوعات پر سوال دینے کی صورت میں دیگر مذاہب کے طلبہ کے لیے متبادل سوال دیا جائے۔

# نعت

## تلفّظ سیکھیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| اُصُول | ہِدایت | عَمَل | عَرش |

دِلوں کے سہارے ہمارے نبیؐ
وہ اللہ کے آخری ہیں رسولؐ
ہدایت کا رستہ دِکھایا ہمیں
ہمارے لیے لائے رَب کی کِتاب
ہُوئے عَرش پر رَب سے وُہ ہم کلام
خُدا سے ہماری یہی ہے دُعا

ہمیں اپنی جاں سے ہیں پیارے نبیؐ
سِکھائے ہمیں زِندگی کے اُصُول
بُرے راستے سے بچایا ہمیں
عَمَل کے لیے جو ہے سب کی کِتاب
ہزاروں دُرُود اُن پہ، لاکھوں سلام
محمدؐ کے رستے پہ سب کو چلا

(خواجہ عابد نظامی)

## ہم نے سیکھا

- آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری رسول ہیں۔
- آپ ﷺ نے ہدایت کا رستہ دکھایا۔

## ٹھہریے اور بتایئے

- جان سے پیارا کس ہستی کو کہا گیا ہے؟
- آپ ﷺ کس سے ہم کلام ہوئے؟

**برائے اساتذہ کرام**

بچوں کو بتائیں کہ نعت ایسی نظم کو کہتے ہیں جس میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی تعریف بیان کی گئی ہو اور آپ ﷺ کی صفات کا ذکر کیا گیا ہو۔ نظم پہلے خود تلفظ، لَے اور آہنگ سے پڑھیں۔ پھر بچوں سے پڑھوائیں۔ بچوں کو الفاظ کے درست تلفظ اور مفہوم سے آگاہ کریں۔ بچوں کو اشعار کا مفہوم آسان الفاظ میں سمجھائیں۔ بچوں کو معراج کا واقعہ سُنائیں۔ اُنھیں بتائیں کہ معراج کے موقعے پر ہمارے پیارے نبی ﷺ اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہوئے۔

**نوٹ**

- اسلام کے علاوہ دیگر مذاہب کے طلبہ کو اسلامی مواد پڑھنے پر مجبور نہ کیا جائے۔
- امتحانی سوالات میں اسلامی موضوعات پر سوال دینے کی صورت میں دیگر مذاہب کے طلبہ کے لیے متبادل سوال دیا جائے۔

# مشق

## پڑھیے اور سمجھیے

ا۔ الفاظ کے معانی سمجھیں اور ان کے زبانی جملے بنائیں۔ ان الفاظ اور جملوں کو درست تلفظ اور لب و لہجے سے ادا کریں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| اُصُول | طریقے، ڈھنگ | ہِدایت | رہ نمائی، سیدھا راستہ دکھانا |
| ہم کلام ہونا | آپس میں بات کرنا | عَرش | آسمانوں پر وہ جگہ جہاں اللہ تعالیٰ کا تخت ہے |

۲۔ دیے ہوئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

دُرُود  جاں  رستہ  رب

(الف) ہمیں اپنی ______ سے ہیں پیارے نبیؐ

(ب) ہدایت کا ______ دکھایا انھوں نے

(ج) ہمارے لیے لائے ______ کی کتاب

۳۔ دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیں۔

(الف) کس ہستی کو دِلوں کا سہارا کہا گیا ہے؟

______________________________

(ب) آپ ﷺ پر کون سی کتاب نازل ہوئی؟

______________________________

برائے اساتذہ کرام

پڑھیے اور سمجھیے، کا مقصد بچوں کو نئے الفاظ کے مفہوم سے آگاہ کرنا اور ان کے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کرنا ہے تاکہ وہ روزمرہ کی گفتگو میں ان کا بہتر استعمال کر سکیں۔ اس کے تحت الفاظ کا درست تلفظ اور مفہوم بچوں کو بتائیں۔ معنی اخذ کرانے کے لیے الفاظ کو جملوں میں استعمال کرائیں۔ اس سب کا مقصد سبق سے متعلق بچوں کی تفہیم کا جائزہ لینا ہے۔ سوال نمبر ۲ کی سرگرمی سے پہلے بچوں سے نعت سنیں، پھر سوال نمبر ۲ کی سرگرمی کروائیں۔

National Book Foundation

## سنیے اور بولیے

۴۔ دی ہوئی تصویر غور سے دیکھ کر بتائیں کہ بچے سے ایسا کیوں ہوا؟ آپ اس کی جگہ ہوتے تو کیا کرتے؟ (زبانی)



۵۔ حروف کی آوازیں سنیں، انھیں ملا کر لفظ بنائیں اور سامنے لکھیں۔ الفاظ کو بلند آواز سے ادا کریں۔ (چار یا زائد ارکان)

| حروف | | | | | الفاظ |
|---|---|---|---|---|---|
| م | ح | ب | ب | ت | |
| م | ح | ت | ر | م | |
| ا | س | ل | ا | م | |
| ق | د | ر | ت | | |
| ر | ح | م | ت | | |


برائے اساتذہ کرام

سنیے اور بولیے، میں تصویر میں دی ہوئی صورت حال پر بچوں سے بات چیت کریں۔ ان سے پوچھیں کہ اس صورت حال میں وہ کیا کریں گے۔


National Book Foundation

## زبان سیکھیے

۶۔ دیے ہوئے الفاظ ایک دوسرے کے متضاد ہیں۔



صبح



شام

۷۔ مثال کے مطابق درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

(الف) ”اوپر“ کا متضاد ہے:

☐ سامنے ☑ نیچے ☐ برابر ☐ چھوٹا

(ب) ”سرما“ کا متضاد ہے:

☐ بہار ☐ خزاں ☐ گرما ☐ برسات

(ج) ”اچھا“ کا متضاد ہے:

☐ برا ☐ بھلا ☐ خوب ☐ نیک

(د) ”فائدہ“ کا متضاد ہے:

☐ نفع ☐ نقصان ☐ بہتر ☐ پاک

برائے اساتذہ کرام: سوال نمبر ۶ دی ہوئی مثال کے ذریعے سے متضاد الفاظ کا تصور دیں۔ فلیش کارڈ کے ذریعے سے ”سرما، گرما“، ”اچھا، برا“، ”فائدہ نقصان“ متضاد الفاظ کی پہچان کرائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ جو الفاظ معانی کے لحاظ سے ایک دوسرے سے الٹ ہوں، انھیں متضاد الفاظ کہتے ہیں۔

National Book Foundation

۸۔ دی ہوئی نظم پڑھ کر سوالوں کے زبانی جواب دیں۔

پیارے پیارے نبی ہمارے — ہم کو اَپنی جان سے پیارے
وہ آئے تو ہوا سویرا — دُور ہوا دُنیا کا اَندھیرا
میرے آقا، میرے مولا — سب دُکھیوں کے دِل کا سہارا
اُن کا سِیدھا رَوشن رَستہ — جو بھولے گا، وُہ بھٹکے گا
اُن کی راہ پہ چلنے والا — ہم سب کی آنکھوں کا تارا (راجا رشید محمود)

(الف) ہمیں کون اپنی جان سے پیارا ہے؟

(ب) اس نظم میں آقا کسے کہا گیا ہے؟

(ج) ہماری آنکھوں کا تارا کون لوگ ہیں؟

## سمجھیے اور لکھیے

۹۔ دیے ہوئے اشاروں کی مدد سے اللہ تعالیٰ کے آخری نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے متعلق پانچ جملے لکھیے۔
(والد کا نام، والدہ کا نام، پیدائش کا شہر، نیکی کی طرف بلانا، آسمانی کتاب)

## عمل کیجیے

۱۰۔ نعت زبانی یاد کریں اور گروہ بنا کر ایک دوسرے کو نعت کے اشعار لے اور آہنگ سے سنائیں۔ آخر میں بتائیں کہ کون سا شعر آپ کو سب سے اچھا لگا۔

برائے اساتذہ کرام: سوال نمبر ۸ میں دی ہوئی نظم بچوں سے پڑھوائیں، انھیں نظم پر غور کرنے کا موقع دیں بعد ازاں سوالات کے جوابات زبانی لیں۔

National Book Foundation

سبق ۳

# پیارے رسول حضرت محمد خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم

## حاصلاتِ تعلم

**اس سبق کی تکمیل کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- مشکل الفاظ کے معانی سمجھ سکیں اور جملے بنا سکیں۔
- بھاری آوازوں کی پہچان اور انھیں استعمال کر سکیں۔
- سبق کی عبارت / متن کو سمجھ کر پڑھ کر سوالات کے جواب لکھ سکیں۔
- واقعہ سن کر اپنی رائے کا اظہار کر سکیں۔
- ارکان اور الفاظ سازی سیکھ سکیں اور استعمال کر سکیں۔
- اسم ضمیر (صیغہ متکلم اور حاضر) کا درست استعمال سیکھ اور کر سکیں۔
- دیے ہوئے موضوع پر 5 / 7 جملے لکھ سکیں۔ (3 سے 2) ارکان کی مدد سے

## سوچیے اور بتائیے

- ہمارے پیارے نبی کا نام کیا ہے؟
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے ہمیں کس بات کی تعلیم دی؟

## کیا آپ جانتے ہیں؟

- **اللہ کے آخری نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے زندگی کے ۵۳ سال مکہ اور ۱۰ سال مدینہ میں گزارے۔**

National Book Foundation

برائے اساتذہ کرام

تدریسی مقاصد کو مؤثر بنانے کے لیے "حاصلاتِ تعلم" دیے جا رہے ہیں۔ جو اساتذہ کے لیے معاون ثابت ہوں گے۔ سبق کا متن پڑھانے سے قبل "سوچیں اور بتائیں" کے سوالات بچوں سے پوچھیں تا کہ وہ پڑھنے کے لیے ذہنی طور پر تیار ہو سکیں۔ "ٹھہریں اور بتائیں" کے سوالات متن پڑھانے کے دوران میں بچوں سے پوچھیں۔ "کیا آپ جانتے ہیں؟" میں دی گئی اضافی معلومات بچوں کو موقع محل کے مطابق دی جائیں۔ مجوزہ تدریسی دورانیہ ۴ سے ۸ دِن

نوٹ

- اسلام کے علاوہ دیگر مذاہب کے طلبہ کو اسلامی مواد پڑھنے پر مجبور نہ کیا جائے۔
- امتحانی سوالات میں اسلامی موضوعات پر سوال دینے کی صورت میں دیگر مذاہب کے طلبہ کے لیے متبادل سوال دیا جائے۔

# پیارے رسول حضرت محمد خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وأصحابہٖ وسلم

## تلفّظ سیکھیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِہربان | مَحبّت | شَفقت | تعلُّق | باہَر | لپک |

ہمارے پیارے نبی کا نام حضرت محمد رسولُ اللہ خاتم النبیین ﷺ ہے۔ آپ ﷺ اللہ کے آخری نبی ہیں۔ آپ ﷺ بہت مِہربان تھے۔ ہر ایک سے مَحبّت کرتے۔ بچّوں پر تو خاص شَفقت فرماتے۔ بچّے ملتے تو مُسکرا کر اُنھیں سلام کرتے۔ اُن کا حال پوچھتے۔ اُنھیں گود میں اٹھاتے۔ اُن سے پیار بھری باتیں کرتے۔

**ٹھہریے اور بتایئے**

- آپ ﷺ بچّوں سے کیسا سلوک فرماتے؟

لوگ آپ ﷺ کی خِدمت میں مَوسم کا نیا پھل لاتے۔ آپ ﷺ یہ پھل سب سے پہلے بچّوں کو دیتے۔ آپ ﷺ کبھی کبھی سَفر کے لیے مدِینہ مُنوّرہ سے باہَر تشریف لے جاتے۔ جب سفر سے



برائے اساتذہ کرام: سبق کی خواندگی پہلے نمونے کے طور پر خود کریں پھر بچوں سے کروائیں۔ بچوں کو مشکل الفاظ کے درست تلفظ اور مفہوم سے آگاہ کریں۔ اللہ کے آخری نبی حضرت محمد رسولُ اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وأصحابہٖ وسلم کی زندگی کے بارے میں بچوں کو بتائیں۔

National Book Foundation

واپس مدینہ منوّرہ آتے تو راستے میں بچّوں کو دیکھ کر اپنی سواری روک لیتے۔ بڑی محبّت سے انھیں سواری پر بٹھاتے۔ کسی کو اپنے آگے اور کسی کو پیچھے۔ بچّے بھی آپ ﷺ سے بہت محبّت کرتے۔ جہاں آپ ﷺ کو دیکھتے، لپک کر آپ ﷺ کے پاس پہنچ جاتے۔

اللہ کے پیارے نبی ﷺ خود بھی بچّوں سے پیار کرتے اور دوسروں کو بھی پیار کرنا سکھاتے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جو ہمارے چھوٹوں پر شفقت نہیں کرتا اور بڑوں کی عزّت نہیں کرتا اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں۔*

### ٹھہریے اور بتایئے


- آپ ﷺ سفر سے واپس آتے تو کیا کرتے؟

### ہم نے سیکھا

- آپ ﷺ بہت مہربان تھے۔
- آپ ﷺ بچّوں پر خاص شفقت فرماتے تھے۔
- آپ ﷺ نے ہمیں بچّوں سے پیار کرنا سکھایا ہے۔

*(سنن ترمذی، جلد سوم حدیث نمبر ۱۹۱۹)

National Book Foundation



# مشق

## پڑھیے اور سمجھیے

ا۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیے اور ان کے زبانی جملے بنائیے۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| شفقت | پیار | لپکنا | دوڑ کر جانا |
| مہربان | رحم دل | عزت | احترام |

مندرجہ ذیل دی گئی بھاری آوازوں کو سمجھیں اور ایک ایک لفظ بنائیے۔

مثال:

| بھاری آواز | الفاظ | بھاری آواز | الفاظ |
|---|---|---|---|
| بھ | بھالو | ڈھ | |
| پھ | پھول | کھ | |
| تھ | | گھ | |
| ٹھ | | لھ | |
| جھ | | مھ | |
| چھ | | نھ | |
| دھ | | | |

National Book Foundation

برائے اساتذہ کرام

پڑھیے اور سمجھیے، کے تحت الفاظ کا درست تلفظ اور مفہوم بچوں کو بتائیں۔ "لپکنا" کا مفہوم عملی مثال دے کر سمجھائیں۔
اس کا مقصد سبق سے متعلق بچوں کی تفہیم کا جائزہ لینا ہے۔

۳۔ دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) آپ ﷺ بچوں سے ملتے تو کیا کرتے؟ کوئی سی دو باتیں لکھیں۔

(ب) سفر سے واپسی پر آپ ﷺ کیا کرتے؟

(ج) آپ ﷺ کی زندگی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

## سنیے اور بولیے

۵۔ دی گئی عبارت غور سے سنیں، اس کے اہم نکات زبانی سنائیں اور اپنی رائے کا اظہار کریں۔ (زبانی)

آپ ﷺ کبھی کاروبار میں دھوکا دہی اور ناپ تول میں کمی نہ کرتے۔ اِنھی خُوبیوں کی وجہ سے مکّہ مکرمہ کے لوگ آپ ﷺ کو صادِق اور امین کہہ کر پُکارتے تھے۔ صادِق کا مطلب ہے: ''سچا'' اور امین کا مطلب ہے: ''امانت دار۔'' آپ ﷺ نے امانت داری کو ایمان کی ایک شرط قرار دیا اور فرمایا: ''جس میں امانت داری نہیں، اس کا کوئی اِیمان نہیں۔'' (مُسند احمد) ہمیں چاہیے کہ ہم نبی کریم ﷺ کی تعلیمات پر عمل کریں تا کہ دُنیا اور آخرت میں کامیاب ہو سکیں۔ (صحیح ابنِ حبان۔ جلد ہفتم)

برائے اساتذہ کرام

سنیے اور بولیے، دیا ہوا/ مذکورہ واقعہ بچوں کے پڑھنے کے لیے نہیں ہے۔ اساتذہ کرام پڑھ کر سنائیں گے جب کہ بچے غور سے سنیں گے اور اپنی رائے کا اظہار کریں گے۔

۶۔ دیے گئے چار ارکان کے بے معنی لفظوں کو روانی سے پڑھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ساغا | توخو | خازا | روغو | تاگھا |
| مونو | باتا | جابھی | جاش | کھاڑے |
| ساچے | باطو | گھاتھے | ٹارے | جاتھے |
| گھوطے | گاجے | ٹاگھو | ضاطا | فوژا |
| طوگو | کھاگا | پاثا | تھوٹا | گوطا |
| سوغو | جاجی | ہاشا | ظودھو | جوگھا |
| روکھو | سوبو | تھوعا | توفی | ساکا |
| چاگے | کھاچے | تھاگے | راٹ | جاکی |

۷۔ دیے ہوئے لفظوں کا پہلا رکن تبدیل کر کے تین تین نئے الفاظ بنائیں۔

مثال: موڑا — جوڑا — توڑا — گھوڑا

کھال — ________ — ________ — ________

روٹی — ________ — ________ — ________

برائے اساتذہ کرام: سوال نمبر ۶ کے تحت دیے ہوئے بے معنی الفاظ بچوں کو ایک منٹ میں پڑھنے چاہئیں۔ بے معنی یا اختراعی ہجوں والے الفاظ پڑھانے کا مقصد بچوں کو رٹے سے نجات دلانا ہے۔ "لفظوں کے کھیل" میں بچے اپنی پسند کے الفاظ بنا سکتے ہیں۔

## زبان سیکھیے

۸۔ اسم ضمیر (میرا، میری، میرے، میں، مجھے، ہمارا، ہمارے، تم، تمھیں، تمھارا کا استعمال)
دیے ہوئے جملے غور سے پڑھیں۔

- میں ایک لڑکی ہوں۔
- میرا نام آمنہ ہے۔

کالم الف میں دیے ہوئے جملوں کی مناسبت سے کالم ب کے جملوں کا اسم ضمیر تبدیل کیجیے۔

| الف | ب |
|---|---|
| مثال: میں ایک لڑکی ہوں۔ | تم ایک لڑکی ہو۔ |
| میرا نام گیتا ہے۔ | .........نام الزبتھ ہے۔ |
| میری امی جان اچھی ہیں۔ | .........امی جان اچھی ہیں۔ |
| میرے ابو کا نام پرکاش ہے۔ | .........ابو کا نام جیمز ہے۔ |
| ہمارا گھر صاف ستھرا ہے۔ | .........گھر صاف ستھرا ہے۔ |

## سمجھیے اور لکھیے

۹۔ دو سے تین ارکان والے الفاظ استعمال کرتے ہوئے "میرا اسکول" کے موضوع پر پانچ سے سات جملے لکھیں۔

## عمل کیجیے

۱۰۔ اپنے اسکول کی لائبریری سے اپنی پسند کی کتاب منتخب کریں۔ یہ کتاب اپنے نام جاری کروائیے۔

برائے اساتذۂ کرام

زبان سیکھیے، کے تحت بچوں کو اسم ضمیر کے حوالے سے صیغہ متکلم اور صیغہ حاضر کا تصور مثالوں سے واضح کریں
اسکول میں لائبریری نہ ہونے کی صورت میں جماعت کے کمرے میں عارضی لائبریری بنا کر سرگرمی کرائیں۔ عارضی لائبریری کے لیے بچوں سے کہیں کہ وہ ایک ایک کتاب لائیں۔ بچوں کی کتابوں سے عارضی لائبریری تشکیل دیں۔ بچوں کو اپنی پسند کی کتابیں منتخب کرنے کا موقع دیں اور ان کی پسند کی کتابیں ان کے نام پر جاری کریں۔

National Book Foundation

National Book Foundation

Approved by Government of Pakistan
Ministry of Federal Education & Professional Training
National Curriculum Council Secretariat
vide letter No. F.No. 1-6 (2023)-NCC/Dir/Urdu Dated: August 7, 2023

# قومی ترانہ

پاک سَر زمین شاد باد! کشورِ حسین شاد باد!
تو نشانِ عزمِ عالی شان ارضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد باد!

پاک سر زمین کا نِظام قُوتِ اُخوّتِ عوام
قوم ، مُلک ، سلطنت پائندہ تابندہ باد!
شاد باد منزلِ مُراد!

پرچَمِ سِتارہ و ہِلال رہبرِ ترقی و کمال
ترجُمانِ ماضی، شانِ حال جانِ اِستقبال
سایۂ خُدائے ذُوالجلال!

National Book Foundation

نیشنل بُک فاؤنڈیشن
بطور
وفاقی ٹیکسٹ بُک بورڈ، اسلام آباد